سوال

(426) کیا مطلق صدقہ کے جانور کا گوشت گھر میں استعمال ہوسکتا ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

اگر کوئی آدمی اپنے گھر میں صدقہ کا جانور ذبح کرتا ہے اور یہ صدقہ مطلق ہے۔ نذر، کفارہ وغیرہ کا صدقہ نہیں ہے یا بطورِ صدقہ کھانا تیار کرتا ہے۔ کیا وہ صدقہ کے اس گوشت یا کھانے کو اپنے استعمال میں لاسکتا ہے یا نہیں؟ یعنی اس گوشت یا کھانے میں سے اپنے اہل و عیال کو کھلا سکتا ہے یا نہیں؟ بَیِّنُوْا تُوجرُوْا۔ (سائل حافظ محمد یوسف خطیب بیرَ بیدیاں روڈ لاہور) (۲۱ اپریل ۔ ۱۹۹۵ء)

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جو جانور بطورِ صدقہ متعین کردیا جائے اس کا گوشت متصدق اپنے گھر استعمال میں نہ لائے وہ صرف فقراء و مساکین وغیرہ کا حق ہے۔ اگرچہ عام صدقہ ہی کیوں نہ ہو اس لیے کہ صدقہ کا مفہوم یہ ہے کہ آدمی اللہ کی رضا کی خاطر اس کی قربت کے حصول اور نیکی کی بناء پر اپنا استحقاق ترک کردے۔

هذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

جلد: 3، کتاب الصوم: صفحہ: 337

محدث فتویٰ